19واں پرواسی بھارتیہ دیوس کنونشن

وزیر کارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور مغربی بنگال کے وزیر اعلی جناب سویندو ادھیکاری نے 19ویں پرواسی بھارتیہ دیوس (PBD) کنونشن کی ویب سائٹ (pbdindia.gov.in) کا اجرا، نئی دہلی میں 11 نومبر 2026 کو، مشترکہ طور پر کیا. 19واں PBD کنونشن، مغربی بنگال حکومت کے اشتراک سے، مغربی بنگال کے شہر کولکتہ میں 2027ء میں، 7 سے 9 جنوری تک منعقد کیا جائے گا.

2. پرواسی بھارتیہ دیوس کنونشن حکومتِ ہند کا ایک اہم اور نمایاں پروگرام ہے، جو دنیا بھر میں مقیم ہندوستانی برادری کے ساتھ رابطے اور تبادلۂ خیال کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے. ہر سال 9 جنوری کو منایا جانے والا 'پرواسی بھارتیہ دیوس'، 9 جنوری 1915 کو جنوبی افریقہ سے مہاتما گاندھی کی ہندوستان واپسی کی یاد میں منایا جاتا ہے. 19واں PBD کنونشن میں دنیا بھر سے ہندوستانی نژاد افراد یکجا ہوں گے، وہ اپنی کامیابیوں کا جشن منائیں گے، ہندوستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو مضبوط بنائں گے، اور ملک کی ترقی و خوشحالی میں اپنی مسلسل شمولیت اور کردار ادا کرنے کے امکانات کا جائزہ لیں گے.

3. 19ویں 'پرواسی بھارتیہ دیوس' کنونشن کا موضوع، 'اپنی جڑوں کی طرف واپسی: بھارت کے ساتھ تارکینِ وطن کے تعلق کو ازسرِ نو اجاگر کرنا'، بیرونِ ملک مقیم ہندوستانیوں کے اپنی مادرِ وطن کے ساتھ گہرے تہذیبی، ثقافتی اور جذباتی رشتوں کا جشن مناتا ہے اور ان دیرینہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کا خواہاں ہے. اس کا مقصد بیرونِ ملک مقیم ہندوستانیوں کی نوجوان نسل کے لیے ایسے بامعنی مواقع فراہم کرنا بھی ہے، جن کے ذریعے وہ اپنی جڑوں کو دوبارہ دریافت کر سکیں، بھارت کے ساتھ اپنے تعلقات ازسرِنو استوار کر سکیں اور عصرِ حاضر کے ہندوستان کے ساتھ اپنی وابستگی کو مزید گہرا بنا سکیں.

4. سہ روزہ کنونشن کا آغاز یوتھ پرواسی بھارتیہ دیوس کے ساتھ ہوگا. وزیر اعظم جناب نریندر مودی اجلاس کا افتتاح کریں گے. صدر جمہوریہ ہند محترمہ۔ دروپدی مرمو، اختتامی اجلاس کی صدارت کریں گی اور باوقار پرواسی بھارتیہ سمان ایوارڈز تقسیم کریں گی. یہ انعامات بیرونِ ملک مقیم ہندوستانیوں کی اپنے متعلقہ شعبوں میں نمایاں خدمات، اور عالمی برادری کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات کو مضبوط بنانے میں ان کے کردار کا اعتراف میں دیے جاتے ہیں.

5. پی بی ڈی (PBD) ویب سائٹ کے ساتھ ساتھ 'بھارت کو جانیے' (BKJ) کے عنوان سے کوئز کا بھی آغاز کیا گیا ہے. متعارف کرایا گیا کوئز ہندوستان کی وراثت، ثقافت، آرٹ اور عصری کامیابیوں سے شرکاء کو جوڑتے ہوئے، ڈائیسپورا اور غیر ملکیوں کے درمیان اپنی رسائی کو بڑھانے کے لیے جدید ترین گیمنگ ٹیکنالوجی کا فائدہ اٹھاتا ہے. BKJ کوئز، بھارت ورس ایپ اور ویب سائٹ (www.bkjquiz.com) پر دستیاب ہے۔ یہ ایک 'ہمہ وقت فعال' 24x7 ڈیجیٹل پبلک ڈپلومیسی پلیٹ فارم ہے، جس میں کوئز، پہیلیاں، کراس ورڈز، الفاظ کی تلاش، اندازہ لگانے والے کھیل اور دیگر کئی طرح کے انٹرایکٹو ماڈیولز شامل ہیں. خصوصی PBD کوئز نومبر 11سے دسمبر 20، 2026 تک چلایا جائے گا. غیر مقیم ہندوستانی (NRIs)، ہندوستانی نژاد افراد (PIOs) اور غیر ملکی تینوں زمروں کے فاتحین کو ہندوستان کے 10 روزہ تفصیلی دورے کے لیے مدعو کیا جائے گا، اور وہ کولکتہ میں منعقد ہونے والی PBD تقریبات میں بھی شرکت کریں گے.

6. PBD ویب سائٹ (pbdindia.gov.in) کا اجرا کنونشن میں شرکت کے لیے آن لائن رجسٹریشن کے آغاز کی نشاندہی کرتا ہے. یہ ویب سائٹ ممکنہ شرکاء کے لیے معلومات اور سہولت کاری کے ایک جامع پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے

گی، جہاں کنونشن، اس کا پروگرام، رجسٹریشن کا طریقہ کار، رہائش، لاجسٹکس اور دیگر متعلقہ انتظامات کے بارے میں تفصیلات فراہم کی جائیں گی تاکہ ان کی شرکت کو آسان بنایا جا سکے.

نئی دہلی
11 نومبر 2026